# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 30.09.2021

**حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایت پر SE آپریشن سرکل نوابشاہ امیر احمد میمن نے جزا اور سزا کے تحت 107% فیصد ریکوری کرنے پر 04 ملازمین کو انعام کے طور پر پانچ پانچ ہزار روپے نقد انعام دیا گیا۔ جس میں سب ڈویژن سوسائٹی کے 02 لائن مین-II، عبدالغفار اور علی بخش اور 01 لائن مین-I، سعید جبکہ نوابشاہ سب ڈویژن کے اسسٹنٹ لائن مین غلام حسین زرداری جو کہ ڈیلی ویجز ملازم ہے کو نقد انعام دیا گیا۔**

**حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشہ زبان کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ لوگ اسی طرح محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہیں تاکہ ادارے کی نیک نامی ہو اور ادارہ ترقی کر سکے۔ SE آپریشن سرکل نوابشاہ امیر احمد میمن**

**واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایت پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آج آپریشن سرکل-I، حیدرآباد، آپریشن سرکل نوابشاہ، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 1400 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، جبکہ نادہندگان کے 1000 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کر دیئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی چوری کے خلاف متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرا دیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیانے پر کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ حیسکو ترجمان**

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایت پر SE آپریشن سرکل نوابشاہ امیر احمد میمن نے جزا اور سزا کے تحت 107% فیصد ریکوری کرنے پر 04 ملازمین کو انعام کے طور پر پانچ پانچ ہزار روپے نقد دیئے گئے ہیں۔ جس میں سب ڈویژن سوسائٹی کے 02 لائن مین-II، عبدالغفار اور علی بخش اور 01 لائن مین-I، سعید جبکہ نوابشاہ سب ڈویژن کے اسسٹنٹ لائن مین غلام حسین زرداری جو کہ ڈیلی ویجز ملازم ہے کو نقد انعام دیا گیا۔ اس موقع پر SE آپریشن سرکل نوابشاہ امیر احمد میمن نے کہا کہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشہ زبان کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے آپ لوگ اسی طرح محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیتے رہیں تاکہ ادارے کی نیک نامی ہو اور ادارہ ترقی کر سکے۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایت پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیانے پر بلاتفریق آپریشن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آج آپریشن سرکل-I، حیدرآباد، آپریشن سرکل نوابشاہ، آپریشن سرکل لاڑ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران بجلی چوروں کے 1400 غیر قانونی کنڈہ کنکشن کاٹے گئے، جبکہ نادہندگان کے 1000 سے زائد بجلی کے کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کر دیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ پورے حیسکو ریجن میں بڑے پیانے پر کارروائیا کی جارہی ہیں واضح رہے کہ حیسکو چیف نے تمام حیسکو افسران کو بلخصوص سپرٹینڈنگ انجنیئرز تمام آپریشن سرکلز اور ایکسئین کو ہدایات دیں ہیں کہ تمام نادہندگان سے واجبات

کی وصولی کو یقینی بنائیں بصورت دیگر نادہندگان کی بجلی منقطع کردیں اور واجبات کی 100% وصولی تک نادہندگان کے بجلی کنکشن مقطع رہنے دیں، انہوں نے کہا کہ ہر ماہ واجبات کی 100% فیصد وصولی ماہانہ بلنگ کی بنیاد پر کریں۔تا کہ واجبات کے حجم کو نیچے لایا جاسکے، حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین کو بہتر سہولت فراہم کرنا حیسکو کی ذمہ داری ہے مگر نادہندگی کی موجودہ صورتحال میں وسائل نہ ہونے کی وجہ سے ترقیاتی کام نہیں کرائے جاسکتے، انہوں نے کہا میرا اولین مقصد حیسکو کی ترقی ہے اور میں تمام افسران پر واضح کرتا ہوں کہ وہ سب ایک ٹیم ہو کر محنت، لگن اور ایمانداری سے اپنے فرائض بہتر طریقے سے سرانجام دیں، جو اچھا کام کرے گا وہ عزت پائے گا اور وہ میری ٹیم کا ممبر ہوگا، لیکن جس کی افسر کی کارکردگی خراب ہوگی تو اس کے خلاف سزا مروجہ قانون کے تحت تجویز کی جائے گی۔صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں کیونکہ حیسکو کی پہچان میٹھی اور شائشہ زبان۔






حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر ریحان حمید کی ہدایت پر SE آپریشن سرکل نوابشاہ امیر احمد میمن 107% فیصد ریکوری کرنے والے ملازمین کو نقد انعام دے رہے ہیں۔